# Govt. of Karnataka
## Karnataka School Examination and Assessment Board
## Model Question Paper - 1

Class: **II Year PUC**
Subject: **URDU (08)**
Time: **3:00 Hours**

Academic Year: **2025-26**
Maximum Marks: **80**
No. of Questions: **49**

---

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ ''الف'' کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - ''الف''

**I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔** **5X1=5**

1. ٹیپو سلطان نے سرنگیری کے مندر کو دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے کتنا عطیہ دیا؟

A. ایک سو سونے کی اشرفی
B. دو سو سلطانی اشرفی
C. ایک ہزار اشرفی
D. دس ہزار اشرفی

2. منٹو کا اصل نام کیا تھا؟

A. مشتاق احمد یوسفی
B. احمد ندیم قاسمی
C. سعادت حسن منٹو
D. مرزا غالب

3. عائشہ کے واقعے سے ملا نصیر الدین کے واقعے کا موازنہ کرتے ہوئے بتائیں کہ دونوں میں کیا مشترک ہے؟

A. چوری کرنا
B. خدا کا شکر ادا کرنے کا طریقہ
C. زیور کی اہمیت
D. سونے کی عادت

4. کرسیوں کی کتنی اقسام کا ذکر کیا گیا ہے؟

A. ایک
B. دو
C. ہزار
D. لاکھوں

5. شوکت تھانوی کے ڈرامے میں طنز کا استعمال کس مقصد کے لیے کیا گیا ہے؟

A. لوگوں کو ہنسانے کے لیے
B. وقت کو ضائع کرنے کے لیے
C. کرداروں کو اہم بنانے کے لیے
D. معاشرتی مسائل پر تنقید کرنے کے لیے

**(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کران کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(کوتوال، ناچ، بین، آواز، رادھا، بہو)

6. بھینس کے آگے __________ بجانا۔

7. سودن ساس کے، ایک دن __________ کا۔

8. __________ نہ جانے آنگن تیڑھا۔

9. الٹا چور __________ کو ڈانٹے۔

10. خدا کی لاٹھی میں __________ نہیں ہوتی۔

**(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔** 5X1=5

| الف | ب |
|---|---|
| 11. جیسی کرنی ویسی بھرنی | i. صبر کا نتیجہ ہمیشہ اچھا ہوتا ہے |
| 12. آپ بھلے تو جگ بھلا | ii. سچ اور جھوٹ، صحیح اور غلط کا واضح فرق ہوتا ہے |
| 13. دودھ کا دودھ پانی کا پانی | iii. جو لوگ زیادہ بولتے ہیں وہ عملی طور پر کچھ نہیں کرتے |
| 14. صبر کا پھل میٹھا | iv. اگر آپ خود اچھے ہیں تو دنیا بھی آپ کو اچھی لگے گی |
| 15. جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں | v. جیسے اعمال ہوں گے ویسا ہی ان کا بدلہ ملے گا |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. کاکی نے ساری جائداد کس کے نام لکھ دی تھی؟

17. پرانے زمانے میں انسان کس طرح اپنا پیغام دوسروں تک پہنچاتا تھا؟

18. فاروقی صاحب کے مطابق اردو ادب کی کونسی صنف زیادہ ترقی یافتہ ہے؟

19. جو بات لکھی جائے وہ کیسی ہوگی؟

20. غالب کے مطابق آدمی کب سودائی ہو جاتے ہیں؟

## حصہ - "ب"

**II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 4X2=8

21. روپا نے رقت آمیز لہجے میں کاکی سے کیا کہا؟

22. خاکہ نگار سے ملنے آئے نوجوان کا حلیہ کیسا تھا؟

23. سوشیل نیٹ ورکنگ سائٹس کسے کہتے ہیں؟

24. ڈاکٹر سید عابد حسین نے سچے ادب کی تعریف کرتے ہوئے کیا کہا ہے؟

25. دولت کے چھیننے پر میر صاحب نے کیا کہا؟

26. سید محمود نے طشتری میں شکر لے کر کیا کیا؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 4X2=8

27. ہم اللہ تعالیٰ سے کس کے طلب گار ہوتے ہیں؟

28. خدا ہمیں کن چیزوں سے نوازے کہ روزِ محشر ہماری کلاہیں کج ہوں؟

29. عورت کس کی شان اور جان ہے؟

30. شاعر نوجوانوں سے کس کا جلال اور کس طرح کا شباب پیدا کرنے کے لیے کہہ رہا ہے؟

31. وطن پر بری نظر ڈالنے والوں کو شاعر نے کس طرح خبردار کیا ہے؟

32. حضرت زینبؓ نے حضرت حسینؓ کی شہادت پر کس طرح ماتم کیا؟

**(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 1X2=2

33. نظم میں بچپن کی یادیں کیسے پیش کی گئی ہیں؟ مثال سے وضاحت کریں؟

34. اچھی سیرت تو اختیار کرو" کی روشنی میں، آپ کس طرح اپنی سیرت کو بہتر بنا سکتے ہیں؟

**(الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** 2X4=8

35. ٹیپو نے سرنگیری مندر کے علاوہ اپنی مملکت کے دوسرے مندروں کی سرپرستی کس طرح کی؟

36. وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگ انسان سے کیا چاہتی ہے؟

37. فاروقی صاحب نے اپنی قلمی ریاضت کی ابتدا اسے متعلق سے کیا بتایا ہے؟

38. نئی قسم کی کرسی کی خصوصیات بیان کریں جو سماجی مسائل حل کر سکے۔

**(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔** 2X2=4

39. "ایسے پیٹ میں آگ لگے۔ پیٹ ہے کہ آگ کا کنڈ ہے۔"

40. "آپ تو بہت بیمار ہیں۔ آپ کیوں آئے!"

41. "کلمہ پڑھ کر سو جاؤ۔"

42. "لاں۔ ذرا دیکھو تو بٹیروں کے دل کیسے دھڑک رہے ہیں۔"

## حصہ - "ج"

IV. 43. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔** 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم     ii. اے شریف انسانو     iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سختی کے بعد عیش کا امیدوار اچھ — آخر ہے روزہ دار کوں اک روز عید یھاں

ii. ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں — جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

iii. نہ دل ہی ٹھہرا،نہ آنکھ جھپکی،نہ چین پایا،نہ خواب آیا — خدا دکھائے نہ دشمنوں کو،جو دوستی میں عذاب دیکھا

iv. یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑگئی — یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنادیا

v. سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں — یہ بات ہے تو چلو بات کرکے دیکھتے ہیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. بہار و خزاں کم نگاہوں کے وہم — برے یا بھلے سب زمانے تیرے
عدم بھی ہے تیرا حکایت کدہ — کہاں تک گئے ہیں فسانے تیرے

ii. درد ہی درد بھر گیا دل میں — اتنا حساس کردیا غم نے
جب کسی آنکھ سے گرا آنسو — اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

## حصہ "د"

46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. دل باغ باغ ہونا ii. ہوا سے باتیں کرنا iii. چشمِ براہ ہونا
iv. تاب نہ لانا v. رفو چکر ہونا vi. نو دو گیارہ ہونا

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. صنعتِ مبالغہ ii. صنعتِ تجنیس

48. اپنے علاقے میں ناکارہ گلیوں کی حالت بہتر کرنے کے لیے میونسپل کمشنر کے نام ایک خط لکھیں اور فوری طور پر مرمت کا کام شروع کرنے کی درخواست کریں۔ 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. تاج محل محبت کی نشانی ہے۔

ii. کام عبادت ہے۔

iii. بنگلور ریاستِ کرناٹک کا صدر مقام ہے۔

iv. کتاب ہماری بہترین ساتھی ہے۔